ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 1 Tarjmatul Quran Full Book Short Questions Test

Q1. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Q2. سورہ البقرہ کس زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہے.

Ans 1: سورہ البقرہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی گائے ہے.

Q3. سورہ بقرہ کی کل کتنی آیات ہیں-

Ans 1: اس سورت میں کل دو سو چھیاسی آیات ہیں

Q4. غزوہ تبوک سے کیا نتائج حاصل ہوئے؟

Ans 1: غزوہ تبوک کے لیے مسلمانوں کی جنگی مہم جوئی نے اسلامی دعوت کو بہت قوت پہنچائی - مسلمانوں کا عزم اور ہمت دیکھ کر کافروں کے حوصلے پست ہوگئے- یہ دیکھ کر روم کا بادشاہ ہر قل بہت مرعوب ہوا- ایلہ کے رئیس یوھنا نے جزیہ دینا قبول کیا.-تمام حاکموں نے جزیہ دینے اور حضرت ﷴ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے زیر سایہ رہنے پر آمادگی ظاہر کی- یہ مسلمانوں کی بہت بڑی فتح تھی.

Q5. سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون کیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون " اہل کتاب کی غلطیوں کا پردہ چاک کرنا اور اہل اسلام کو ان کی زمہ داریوں کا احساس دلانا ہے".

Q6. لفظ کے معنی تحریر کریں- زنوبنا- الابرار- لاتخلف- نزع- تذل- تخرج- مسومین- لاولی الباب-

Ans 1: زنوبنا- ہمارے گناہ- الابرار- نیک لوگ- لاتخلف- تو خلاف نہیں فرماتا- تنزع- تو چھین لیتا ہے- تذل- تو ذلیل کرتاہے- تخرج- تو نکالتا ہے- مسومین- نشان زدہ- لاولی الباب- عقل مندوں کے لیے

Q7. مباہلہ کے کیا معنی ہے.

Ans 1: مباہلہ کے معنی ہے کہ کسی عقیدے کے بارے میں مختلف آرا رکھنے والے لوگ نہایت عاجزی سے اللہ تعالی کے دربار میں یہ دعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالی کی لعنت اور پکڑ ہو.

Q8. سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون کیا ہے.؟

Ans 1: سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون " اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کے آداب و فضائل کا بیان اور صلح و جنگ کے احکام کی وضاحت" ہے. سورۃ الانفا میں اللہ تعالیٰ نے اپنے انعامات بھی یاد دلائے ہیں- مسلمانوں نے جس جاں نثاری کے ساتھ یہ جنگ لڑی ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی بھی فرمائی ہے- ساتھ ساتھ ان کمزرویوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے جو اس جنگ میں سامنے ائیں - ائندہ کے لیے ایسی ہدایات بھی دی گئی ہیں جو ہمیشہ مسلمانوں کی کامیابی اور فتح و نصرت کا سبب بن سکتی ہیں-

جہاد اور مال غنیمت کی تقسیم کے بہت سے احکام اس سورت میں بیان ہوئے.

Q9. حضرت مریم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت مریم علیہ السلام کے والدکا نام تھا ،حضرت عمران.

Q10. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں